21-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ........... آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

------------------------------------

1 لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے رہنما ملک بھر میں کئی کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔

2 عام انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا عمل کل ختم ہوجائے گا۔

3 وزیراعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ ای ڈی اور CBI کو سرکار یا سیاستدانوں کی مداخلت کے بغیر آزادانہ طور پر کام کرنا چاہیے۔

4 وزیراعظم آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں 2 ہزار 550 واں بھگوان مہاویر نروان مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔

5 مالدیپ میں آج پارلیمانی انتخابات ہو رہے ہیں۔

6 اور IPL کرکٹ میں، کل رات دلّی میں سن رائزرس حیدرآباد نے دلّی کیپیٹلز کو 67 رن سے ہرادیا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

CAMPAIGNING REMAINING PHASES

جمعہ کو لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے مکمل ہونے کے ساتھ ہی باقی مرحلوں کیلئے چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔عظیم اتحاد اور NDA سمیت تمام سیاسی پارٹیوں کی ممتاز شخصیات اور سینئر رہنما ملک بھر میں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کئی کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔ دوسرے مرحلے کے انتخابات کی چناؤ مہم میں صرف چار روز باقی رہ گئے ہیں، سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں۔

اس مرحلے کے تحت اِس مہینے کی 26 تاریخ کو کیرالہ کی سبھی 20 سیٹوں، کرناٹک کی 14، راجستھان کی 13،

اترپردیش اور مہاراشٹر کی آٹھ-آٹھ، مدھیہ پردیش کی 7، آسام اور بہار کی پانچ-پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کی تین-تین، تریپورہ اور جموں وکشمیر کے ایک-ایک پارلیمانی حلقے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

وزیر اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے کل مہاراشٹر کے ناندیڑ اور پربھنی کے علاوہ کرناٹک کے Chikkaballpur اور بینگلورو میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ وہ اپنا رپورٹ کارڈ پیش کرنے اور لوگوں کا آشیرواد لینے کیلئے آئے ہیں۔

کیرالہ میں متحدہ جمہوری محاذ UDF کی انتخابی مہم کے حصے کے طور پر کُل ہند کانگریس کمیٹی کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے Eriyad کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے Pathanamthitta کے مقام پر بھی ایک جلسۂ عام میں شرکت کی۔

اترپردیش کے متھرا میں ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے BJP کے سینئر رہنما امت شاہ نے کہا کہ اِس مرتبہ اترپردیش کے لوگ BJP کو تمام 80 سیٹوں پر کامیاب بنائیں گے۔

امروہہ میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے کہا کہ اگر آئی این ڈی آئی اے اتحاد کی سرکار بنتی ہے تو کسانوں کے قرضے معاف کردیے جائیں گے۔x

## SCRUTINY THIRD PHASE

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل جمعے کو ختم ہوگیا۔ کُل کاغذات کی جانچ پڑتال کی گئی۔ تیسرے مرحلے میں اگلے مہینے کی 7 تاریخ کو 10 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام دو علاقوں کے 94 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ کل ہے۔

گجرات میں پانچ اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کی گئی۔

اسی دوران لوک سبھا چناؤ کے چوتھے مرحلے کیلئے پرچے بھرنے کا عمل جاری ہے۔ اِس مرحلے کے تحت 13 مئی کو 9 سے زیادہ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں وکشمیر کی 96 پارلیمانی سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔

اِس مرحلے کیلئے نامزدگی کے کاغذات اِس مہینے کی 25 تاریخ تک جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ x

## MP - CAMPAIGN

کانگریس کے سینئر لیڈر اور سابق قومی صدر راہل گاندھی آج مدھیہ پردیش کے ستنا میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ جناب گاندھی دوپہر 12 بجے ستنا کے BTI گراؤنڈ پہنچیں گے۔ ریاستی کانگریس صدر جیتو پٹواری ، راجیہ سبھا رکن وِویک تنکھا اور سابق مرکزی وزیر ارون یادو بھی اس جلسے سے خطاب کریں گے۔

دوسری طرف وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو آج BJP کی انتخابی مہم کی قیادت کر رہے ہیں ۔ وی ریوا ، ساگر اور چھتر پور میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ BJP کے ریاستی صدر وشنو دَت شرما کھجوراہو لوک سبھا حلقے کے تحت چاندلہ اور راج نگر میں میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔

سابق وزیر اعلیٰ شیو راج سنگھ چوہان بھی ودیشا میں جلسوں سے خطاب کریں گے۔ ریاستی وزیر پرہلاد پٹیل بھی Banda ، Deori اور Udaypura میں منعقدہ پروگراموں میں شرکت کریں گے۔x

**WAYANAD CONSTITUENCY**

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اہم حلقوں کا خاکہ پیش کرنے کی اپنی سیریز کے تحت آج ہم کیرالہ میں Wayanad لوک سبھا حلقے پر ایک رپورٹ پیش کررہے ہیں۔

تمل ناڈو اور کرناٹک کی سرحدوں سے متصل شمالی کیرالہ میں واقع دلکش Wayanad حلقہ اپنے حیاتیاتی تنوع اور چائے و کافی کے باغات کیلئے مشہور ہے۔

اس میں سات اسمبلی حلقے ہیں، جن میں Mananthavady ، Sultan Battery ، Kalpetta، Thiruvampady ، Nilambur Eranad اور Vandoor شامل ہیں۔ ہمارے کوچی کے نامہ نگار نے اس حلقے کا جائزہ لیا ہے ۔ یہاں اس ماہ کی 26 تاریخ کو پولنگ ہونی ہے۔

**VC - Raj Mohan , Kochi**

*زیادہ تر دیہی علاقے پر مبنی Wayanad حلقہ 2019 میں کانگریس رہنما راہل گاندھی کی امیدواری کے ساتھ قومی سطح پر سرخیوں میں آ گیا تھا۔ اس وقت انہوں نے یہ سیٹ 4 لاکھ 31 ہزار ووٹوں کے بڑے فرق سے بآسانی جیت لی تھی۔*

*راہل گاندھی دوسری میعاد کیلئے ووٹروں کی حمایت چاہ رہے ہیں لیکن انہیں مضبوط امیدواروں کا سامنا ہے۔ LDF نے CPI لیڈر Annie Raja کو میدان میں اتارا ہے اور NDA نے بی جے پی کی ریاستی صدر K.Surendran کو کھڑا کیا ہے۔ امیدوار مقامی مسائل اٹھارہے ہیں جیسے زراعت میں پریشانی، انسانوں اور جانوروں میں ٹکراؤ، مناسب میڈیکل اور دیگر بنیادی ڈھانچے کی سہولیات کی کمی اور Bandipur میں رات کے ٹریفک پر بندی وغیرہ۔*

*اس حلقے میں 14 لاکھ 62 ہزار 423 ووٹر ہیں۔*

*کوچی سے راج موہن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں........*

**BJP CANDIDATE DEATH**

اترپردیش کی مراد آباد لوک سبھا سیٹ سے بی جے پی کے امیدوار **Kunwar Sarvesh Singh** کا کل نئ دلّی کے ایمس میں انتقال ہوگیا۔ وہ کچھ عرصے سے بیمار تھے۔ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت مراد آباد پارلیمانی حلقے میں جمعے کے روز پولنگ ہوئی تھی۔ وہ **2014** میں مرادآباد سے رکن پارلیمنٹ منتخب ہوئے تھے۔ **x**

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PM INTERVIEW**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ اور **CBI** جیسی مرکزی ایجنسیوں کو آزادانہ طور پر کام کرنے کی اجازت دی جانی چاہیے۔ سرکار اور سیاستدانوں کو اِن ایجنسیوں کے کام کاج میں ہرگز مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ ایک پرائیویٹ نیوز چینل کے ساتھ انٹرویو کے دوران مرکزی ایجنسیوں کے غلط استعمال کے الزامات سے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ مرکزی ایجنسیاں صرف اپنا کام کر رہی ہیں۔ یہاں تک کہ وزیراعظم کے طور پر انہیں بھی **ED** کے کام کاج میں مداخلت کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ جناب مودی نے کہاکہ سوالات اُس وقت اٹھائے جانے چاہئیں جب **ED** اور **CBI** اپنا کام نہیں کرتی ہیں، لیکن یہاں معاملہ الٹا ہے، اپوزیشن سوال کررہی ہے کہ یہ ایجنسیاں اپنا کام کیوں کر رہی ہیں۔

انہوں نے کہاکہ **2014** سے پہلے **ED** نے صرف تلاشی کی **84** کارروائی کی، جبکہ **2014** کے بعد **ED** نے مجموعی طور پر تلاشی کی **7** ہزار کارروائیاں کیں، جو اِس ایجنسی کی افادیت کو بخوبی ظاہر کرتی ہیں۔

ایک دیگر سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہاکہ اُن کی سرکار کا ماڈل ملک کے ہر شہری بالخصوص غریبوں کو بااختیار بنانا ہے۔ انہوں نے کہاکہ ملک کے شہریوں کے بوجھ کو کم کرنا سرکار کی ذمہ داری ہے۔

ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہاکہ **2024** کے لوک سبھا انتخابات بی جے پی یا اُن کے ذریعے نہیں لڑے جارہے ہیں بلکہ یہ عوام کی پہل ہے۔

وزیراعظم نے کہاکہ ملک نے تین دہائیوں تک غیر مستحکم سرکاروں کا مشاہدہ کیا جس کی وجہ سے ملک کی ترقی متاثر ہوئی تھی۔ انہوں نے مزید کہاکہ ملک کے ووٹروں نے ایک مستحکم سرکار کا تجربہ کیا ہے اور ایک مستحکم سرکار کیا کرسکتی ہے، اِس کا بھی تجربہ کیا ہے۔ **x**

**PM MAHAVIR JYANTI**

آج مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ مہاویر جینتی منائی جارہی ہے۔ اِس مبارک موقع پر جین مذہب کے پیروکار مندر جاتے ہیں اور پوجا کرتے ہیں۔ اِس کے علاوہ وہ بھگوان مہاویر کی مورتی کے ساتھ مذہبی جلوس بھی نکالتے ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں 2 ہزار 550 ویں بھگوان مہاویر نروان مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر وزیراعظم ایک یادگاری ٹکٹ اور سکّہ بھی جاری کریں گے اور ایک اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مہاویر جینتی کے موقع پر ملک کے شہریوں، بالخصوص جین برادری کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ فیسٹول ہمیں محبت اور امن کا پیغام دیتا ہے۔
انہوں نے کہا کہ اِس موقع پر ہمیں معاشرے میں محبت اور بھائی چارے کا پیغام عام کرنے اور ملک کی ترقی کیلئے پوری لگن کے ساتھ کام کرنے کا عہد کرنا چاہیے۔ x

**IMD - WEATHER**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال میں آج تک اور جھارکھنڈ اور بہار کے دور دراز علاقوں میں اس مہینے کی 24 تاریخ تک شدید گرمی کے حالات جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ ساحلی آندھرا پردیش ، یانم ، رائل سیما ، تمل ناڈو ، پڈو چیری ، کرائکل ، کیرالہ اور ماہے میں بدھ تک گرم اور مرطوب موسم برقرار رہے گا۔ مشرقی اترپردیش اور شمالی مدھیہ پردیش میں آج رات کے وقت شدید گرمی ہونے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش اور آسام ، میگھالیہ ، ناگالینڈ ، منی پور ، میزورم اور تریپورہ میں اس مہینے کی 24 تاریخ تک الگ الگ مقامات اور دور دور تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال ، سکم ، گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال ، جھارکنڈ اور اڈیشہ میں کل سے 26 اپریل تک گرج چمک کے ساتھ دھول بھری آندھی اور الگ الگ مقامات پر اور دور دور تک ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ وسطی مہاراشٹر اور مراٹھ واڑہ میں 26 اپریل تک اور کونکن اور گوا میں پیر تک کہیں کہیں ہلکی پھلکی بارش کا امکان ہے۔

وہیں جموں و کشمیر ، لداخ ، گلگت ، بلتستان ، مظفر آباد ، ہماچل پردیش ، اترا کھنڈ ، پنجاب ، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں اسی مدت کے دوران گرج چمک کے ساتھ دھول بھری آندھی اور ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش کا امکان ہے۔ x

## MALDIVES ELECTION

مالدیپ کی پارلیمنٹ People's Majlis میں آج پولنگ ہورہی ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Ahmed Muyeen Farooqi - Colambo**

*چوتھے پارلیمانی انتخابات میں مالدیپ میں 93 پارلیمانی حلقوں کیلئے 368 امیدواروں میں سے رہنماؤں کا انتخاب کیا جائے گا۔ محکمۂ موسمیات نے مالے میں بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ یہاں دو لاکھ آٹھ ہزار سے زیادہ رائے دہندگان تین غیرملکی پولنگ مراکز سمیت 602 پولنگ مراکز پر اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ یہ انتخابات موجودہ صدر ڈاکٹر محمد Muizzu کی پارٹی کیلئے ایک اہم امتحان ثابت ہوں گے، جو اپنی پالیسیوں کی وجہ سے اپوزیشن کے نشانے پر ہے۔ ڈاکٹر Muizzu کے PPM - PNC اتحاد نے ستمبر 2023 میں بھارت کی حمایت کے ساتھ صدارتی انتخاب جیتا تھا۔ مالدیپ کی اپوزیشن ڈیموکریٹک پارٹی نے سابقہ مجلس میں 44 قانون سازوں کے ساتھ سبقت حاصل کی تھی۔*

*کولمبو سے ڈاکٹر احمد معین فاروقی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے ...*

## US AID

امریکہ کے ایوان نمائندگان نے کل یوکرین، اسرائیل اور تائیوان کو سکیورٹی سے متعلق امداد فراہم کرنے کیلئے 95 ارب ڈالر کے پیکیج کو منظوری دی ہے۔

توقع ہے کہ آئندہ ہفتے یہ بل منظوری کیلئے سینیٹ میں پیش کیا جائے گا۔ صدر جو بائیڈن نے وعدہ کیا ہے کہ جیسے ہی یہ پیکیج ان کے پاس آئے گا وہ اس پر دستخط کردیں گے۔

اس بل کے تحت یوکرین کو 60 اعشاریہ آٹھ چار ارب ڈالر فراہم کیے جائیں گے، جس میں 23 ارب ڈالر امریکی ہتھیاروں، اسٹاک اور سہولیات کی مد میں ہیں۔ 26 ارب ڈالر اسرائیل کیلئے ہیں، جس میں غزہ کیلئے انسانی بنیاد پر فراہم کی جانے والی مدد کیلئے 19 اعشاریہ ایک ارب ڈالر شامل ہیں اور آٹھ اعشاریہ ایک دو ارب ڈالر تائیوان سمیت بھارت-بحرالکاہل خطے کیلئے ہیں۔x

## IPL CRICKET

آئی پی ایل کرکٹ میں، کل رات دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد نے دلّی کیپیٹلز کو 67

رن سے ہرادیا۔ جیت کیلئے 267 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے دلّی کیپٹلز کی پوری ٹیم 19 اوورس ایک گیند میں 199 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ دلّی کی طرف سے Jake Fraser-Mcgurk نے 18 گیندوں میں شاندار 65 رن بنائے۔ حیدرآباد کی جانب سے ٹی نٹراجن نے چاروکٹ حاصل کیے۔

اِس سے پہلے دلّی کیپٹلز نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ سن رائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 266 رن بنائے۔ سلامی بلے باز ٹریوس ہیڈ اور ابھیشک شرما نے ٹی-ٹوینٹی کی تاریخ میں پاور پلے کے دوران اب تک کا سب سے زیادہ رن بنائے۔

دونوں بلے بازوں نے پہلے چھ اوورس میں 125 رن کا اسکور کیا۔ ٹریوس ہیڈ نے 32 گیندوں میں 89 رن جبکہ ابھیشیک شرما نے 12 گیندوں میں 46 رن بنائے۔ ٹریوس ہیڈ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

پوائنٹس ٹیبل میں فی الحال سن رائزرس حیدرآباد دوسرے مقام پر جبکہ دلّی کیپٹلز ساتویں مقام پر ہے۔

آج دو میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلے میچ میں کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں سہ پہر ساڑھے تین بجے کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔ دوسرے میچ میں مہاراجہ Yadavindra سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم Mullanpur، چنڈی گڑھ میں شام ساڑھے سات بجے پنجاب کنگس کا سامنا گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ x

<u>یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔</u>

**<u>GONG</u>**

**<u>PRESS COMMENTS</u>**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد
شکریہ - آسیہ

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے لوک سبھا انتخابات سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اس سلسلے میں روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے، لوک سبھا الیکشن کے دوسرے مرحلے کی مہم زوروں پر ۔ اخبار پرتاپ نے وزیر اعظم کے حوالے سے سرخی لگائی ہے ، عام انتخاب کا پہلا مرحلہ ، لوگوں نے وکست بھارت کے حق میں ووٹ دیئے۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس نے وزیرخزانہ سیتا رمن کے اس بیان کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے کہ بھارتی معیشت میں گجرات کا حصہ 8 اعشاریہ تین فیصد۔ اخبار ملاپ کی ایک سرخی ہے ، یو پی بورڈ کے نتائج کا اعلان ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں لڑکیوں کا غلبہ۔ اخبارات نے اڈیشہ میں کشتی حادثے میں سات افراد کی ہلاکت کی خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔

اخبار انقلاب نے ٹیسلا کے سی ای او ایلون مسک کا بھارت کا دورہ ملتوی ہونے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔

اخبارات نے وزیر داخلہ امت شاہ کے اس بیان کو بھی اہمیت دی ہے کہ ریزرویشن کو کبھی ختم نہیں ہونے دیا جائے گا۔
اخبارات نے بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کا یہ بیان بھی شائع کیا ہے کہ بھارت اپنے فوجداری انصاف کے نظام میں اہم تبدیلیوں کیلئے تیار ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں :

☆ پاکستان : بیلسٹک میزائل پروگرام میں مدد کرنے والوں پر پابندی ، امریکہ 2023 میں بھی تین چینی کمپنیوں پر پابندی عائد کرچکا ہے۔

☆ ٹرمپ کے خلاف سماعت کے دوران امریکی شہری کی عدالت کے باہر خود سوزی۔

☆ شمالی کوریا نے کیا سُپر لارج کروز میزائل کا کامیاب تجربہ۔ x

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے رہنما ملک بھر میں کئی کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔

2 عام انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا عمل کل ختم ہوجائے گا۔

3 وزیراعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ ای ڈی اور CBI کو سرکار یا سیاستدانوں کی مداخلت کے بغیر آزادانہ طور پر کام کرنا چاہیے۔

4 وزیراعظم آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں 2 ہزار 550 واں بھگوان مہاویر نروان مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔

5 مالدیپ میں آج پارلیمانی انتخابات ہو رہے ہیں۔

6 اور IPL کرکٹ میں، کل رات دلّی میں سن رائزرس حیدرآباد نے دلّی کیپیٹلز کو 67 رن سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------